کتابیاتِ لغاتِ اُردو

مُرتبہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

مقتدرہ قومی زبان ۔ اسلام آباد

کتابیاتِ لغاتِ اردو

مرتبہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

مقتدرہ قومی زبان ۰ اِسلام آباد

۱۹۸۶ء

سلسلہ مطبوعات :

مقتدرہ : ۶۰

دارالتصنیف : ۲۸

○

طبع اول : نومبر ۱۹۸۶ء

تعداد : ایک ہزار

قیمت : مجلد : ۵۵ روپے

غیر مجلد : ۴۰ روپے

طابع : مطبعة المکتبة العلمیة

۱۵ - لیک روڈ ، لاہور

ناشر : ڈاکٹر وحید قریشی

(صدر نشین)

مقتدرہ قومی زبان

شمائلہ اعوان پلازہ ۱۶ ، ڈی (ویسٹ)

بلیوایریا ، اسلام آباد -

○

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

عرض مؤلف

ہر کتاب کے بارے میں ضروری معلومات کو اس ترتیب سے جمع کیا گیا ہے :

مصنف ، مؤلف ، یا مرتب کا نام ۔

لغت فرہنگ یا مخزن کا نام ۔

مترجم کا نام ۔

اس کے بعد :

صفحات کی تعداد ۔

سال اشاعت (مع ایڈیشن کی صراحت کے) ۔

مطبع کا نام یا مقام اشاعت اور ناشر ۔

اس کے بعد بہ طور کیفیت کے لغت کی عام یا اس کے کسی خاص ایڈیشن کی خصوصیت اور اس کے اہم ایڈیشنوں کی صراحت ۔ نیز ان کے بارے میں ضروری معلومات ۔ اگر کسی مجموعۂ لغات و امثال کے بارے میں کوئی بات معلوم نہیں ہو سکی ، تو اس سطر کو خالی چھوڑ دینے کے بجائے حذف کر دینا مناسب خیال کیا گیا ۔

ہر لغت ، فرہنگ یا مخزن امثال و محاورات سے براہ راست استفادہ کیا گیا ہے - جو مجموعے کسی کتب خانے میں دستیاب نہیں ہوئے ان کے بارے میں ضمنی مآخذ سے معلومات اخذ کی گئی ہیں - ہر قسم کے حوالوں کی صراحت کر دی گئی ہے -

ابو سلمان شاہجہان پوری

۱۰ جون ۱۹۸۵ء

مآخذ

لغات اردو کے اس کتابیاتی جائزے میں کراچی و لاہور کے جن کتب خانوں اور دیگر مآخذ سے استفادہ کیا گیا ہے ، ان کے کارکنان و کارپردازان کے شکریے کے ساتھ، ان کے نام اور ان کے لیے مستعمل اشارات درج ذیل ہیں ۔

۱ -	کتب خانہ خاص ، انجمن ترقی اردو (پاکستان) ، کراچی	خ
۲ -	کتب خانہ عام ، انجمن ترقی اردو (پاکستان) ، کراچی	کع
۳ -	غالب لائبریری ، ادارہ یاد گار غالب ، کراچی	غ
۴ -	لائبریری اردو ڈکشنری بورڈ ، کراچی ۔	ڈ
۵ -	پنجاب یونیورسٹی لائبریری ، لاہور ۔	پ
۶ -	پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور	پپ
۷ -	جناب خلیل الرحمٰن داؤدی (لاہور) کی یادداشتیں (قلمی)	داؤدی
۸ -	جناب عطش درانی کے مقالات (مطبوعہ) اردو نامہ ، لاہور	عطش
۹ -	ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین کا مقالہ (مطبوعہ) قومی زبان ، کراچی	سلطان
۱۰ -	سید محمود حسن رضوی ادیب کا مقالہ (مطبوعہ) ہندوستانی ، الہ آباد	ادیب

۱۱ - جناب شانتی رنجن بھٹا چاریہ کا مقالہ (مطبوعہ
صحیفہ ، لاہور) — شانتی

۱۲ - جناب محمد حسیب پاشا کا مقالہ (مطبوعہ اردو
نامہ ، لاہور) — حسیب

۱۳ - بحوالہ لنگویسٹک سروے آف پاکستان — گریرسن

ان ماخذ کے علاوہ عام ذرائع سے جن لغات و مخازن کے بارے میں معلومات اخذ کیے گئے ہیں ۔ وہاں کوئی حوالہ نہیں ہے -

بعض حوالوں کا اضافہ مقتدرۂ قومی زبان میں کیا گیا ہے - وہاں اس امر کا اشارہ موجود ہے -

حصہ اول

تحقیق و تنقید لغات

۱۔ **آل انڈیا ایجوکیشنل لٹریری بک سوسائٹی :** اصول لغت اردوئے معلیٰ ، ص : ۱۲۸ + ۳۸ ، س : ۱۹۳۵ء (پہلا ایڈیشن) ، م : حجازی پریس ، لاہور ، ن : آل انڈیا ایجوکیشنل لٹریری بک سوسائٹی ، لاہور ۔ (پ ۔ خ)

۲۔ **اثر لکھنوی :** فرہنگ اثر ، ص : ۳۷۵ + ۲ ، س : ۱۹۶۱ء ، م : سرفراز قومی پریس ، لکھنو ، حصہ اول : جلال کے سرمایہ زبان اردو کا جائزہ ص: ۱ تا ۸۴ ، حصہ دوم: نور اللغات کا ناقدانہ جائزہ ، ص : ۸۵ تا ۳۷۵ ، آخر میں دو اضافی صفحات غلط نامہ پر مشتمل ہیں ۔ (پ)

۳۔ **اذفر اکبر آبادی ، منشی منظور احمد:** گلشن الفاظ ، ص : ۳۲ ، س : ۱۸۹۴ء / ۱۳۱۱ھ ، م : مطبع کریم المطابع ، بجنور ، چار ابواب میں ایسے الفاظ کا ذخیرہ جن کے املا میں عام لوگ اور طالب علم غلطی کرتے ہیں ۔ پیش لفظ مؤلف (ص ۱ تا ۶) آغاز لغت (ص ۷ تا ۲۸) آخر میں منشی علی گوہر بدایونی ، امتیاز علی ذاکر ، جناب مغیرالدین طرار ، قاضی غیاث الدین ، مولانا نصرت الدین ، مولوی خیر الدین ، راحت علی اکبر آبادی کی تقاریظ و تواریخ طبع لغات ہیں ۔ (خ)

۴۔ **جابر علی سید :** کتب لغت کا تحقیقی و لسانی جائزہ ، ص: ۱۶۹، س : ۱۹۸۴ء (اشاعت اول) ، م : ظفر سنز پرنٹرز ، لاہور ' ن : مقتدرہ قومی زبان ، اسلام آباد ۔ سلسلے کی جلد اول جو پلیٹس کے لغت اور فرہنگ آصفیہ کے تحقیقی و لسانی جائزے اور تنقید پر مشتمل ہے ۔ یہ جائزہ صفحہ ۱۳۴ پر ختم ہو جاتا ہے ۔ بعدہ وارث سرہندی کے حواشی و تعلیقات ہیں ۔

۵۔ **شاکر ، عبدالحکیم :** مفید الاشتقاق ، ص : ۷۸ ، س : ۱۸۹۳ء ، م : مطبع احمدی بمبئی ۔

۶۔ **عشرت لکھنوی ، خواجہ محمد عبدالرؤف:** جان اردو ، ص : ۴۰ ، س : ۱۹۲۰ء (بار اول) ، م : نول کشور پریس ، لکھنو ۔ ہم معنی، الفاظ کے محل استعمال اور محاورات کی تحقیق میں رسالہ۔(خ)

۷۔ **عنایت اللہ ، شیخ :** تحقیق اللغات، ص : ۱۴+۱۰ (انگریزی) ، س : ۱۹۶۳ء ، م : رپن پرنٹنگ پریس ، لاہور ۔ لغات ، اعلام و مقامات کے ناموں کے بارے میں کہ ان کی حقیقت کیا ہے ۔ آخری دس صفحات (انگریزی) میں کتابیات ہے ۔ (خ)

۸۔ **محمد انصاری ، ابوالقاسم:** فلسفۂ لغت ، ص : ۴۷ ، (اشاعت اول) ، م : آئیڈیل پیکیجز ، کراچی ، ن : انجمن ترقی اردو (پاکستان) ، کراچی ۔ (خ)

لغات اردو

(عام)

۹- **آرزو ، سراج الدین علی خاں : نوادر الالفاظ مع غرائب اللغات ،** ص: ۴۸+۴۴۶+۹ ، س: ۱۹۵۱ء ، م : ادبی پریس ، کراچی، ن : انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی - نوادر الالفاظ میں سراج الدین علی خاں آرزو نے عبدالواسع ہانسوی کی غرائب اللغات کے تسامحات و اسقام پر روشنی ڈالی ہے - ڈاکٹر سید عبداللہ نے اس کی تصحیح فرمائی ہے- حواشی لکھے ہیں اور ایک طویل مقدمہ لکھا ہے ، جس میں نوادر الالفاظ کی اہمیت اور آرزو کی خدمت لسانیات ولغات پر مفصل بحث کی ہے -(خ)

۱۰- **آفاق بنارسی ، منشی غلام حسین خاں : معین الادب معروف بہ** معین الشعرا ، ص : ۴+۳۷۰+۱۴ ، س : ۱۳۵۲ھ ، م : یونائیٹڈ انڈیا پریس ، لکھنو ، ن : صدیق بک ڈپو لکھنو - یہ لغت مؤلف نے ۱۳۵۲ھ میں تالیف فرمائی - طباعت کی تکمیل سے قبل ۱۳۵۳ھ میں مؤلف کا انتقال ہو گیا - اشاعت مؤلف کے انتقال کے بعد ہوئی - یہ اردو زبان کا ایسا لغت ہے جس میں الفاظ کے معنی کے ساتھ اس کے اعداد ملفوظی بھی درج کیے گئے ہیں نیز تذکیر و تانیث کی صراحت کے ساتھ سند میں اساتذہ کے اشعار پیش کیے گئے ہیں - (پ ، ڈ ، پپ)

۱۱- **ابواللیث صدیقی ، ڈاکٹر :** بنیادی اردو ، ص : ۸۵ ، س : ۱۹۶۵ء (بار اول) ، م : میزان پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : مرکزی اردو بورڈ ، لاہور ۔ مؤلف نے اپنے دیباچے میں (ص ۷ تا ۹) لکھا ہے کہ بنیادی اردو کا یہ پہلا لغت ہے ۔ اس میں بعض الفاظ کے معنی بھی تحریر کیے ہیں ۔ اس لغت کے سندھی اور پنجابی ترجمے بھی شائع ہوئے ہیں ، جن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں :

سندھی ترجمہ : ص : ۹۱ ، س : ۱۹۶۸ء (پہلی دفعہ) ، م : سندھ یونیورسٹی پریس ، حیدر آباد (سندھ) ، ن : مرکزی اردو بورڈ ، لاہور ۔

پنجابی ترجمہ : مت : فیروز تارڑ ، ص : ۱۰۷ ، س : ۱۹۷۰ء (بار اول) ، م : سویرا آرٹ پریس ، لاہور ، ن : مرکزی اردو بورڈ ، لاہور ۔ (خ ۔ پ)

۱۲- **احتشام الدین ، مولوی :** نور اللغات ، ص : ۶۰۳ ، س : ۱۹۸۰ء (بار اول) ، م : یورپ پرنٹنگ پریس ، کراچی ، ن : بک لمیٹڈ کارنر ، کراچی ۔ (خ)

۱۳- **احسان :** لغات احسانی ، ص : ۱۲۰۶ ، ناقص الاول و الآخر ، آب بردیدہ زدن تا یوش ۔ (ڈ)

۱۴- **احسن مارہروی :** فصیح اللغات ، ص : ۹۴ ، حصہ اول ، الف ممدودہ پیش لفظ ۔ از مؤلف ، ص : ۱ تا ۶ ، پیش لفظ میں مؤلف نے اس لغت کے خصائص بتائے ہیں ۔ (خ)

۱۵- **احمد شاہ بیگ ، مرزا :** جوہر اللغات، س : ۱۳۵۰ھ، م : شیوریہ پریس ، مغل پورہ ، لاہور - (حسیب پاشا)

۱۶- **احمد علی ، سید :** لغات غریب ، ص : ۳۶ ، س : ۱۸۵۰ء ، م : آگرہ - (داؤدی)

۱۷- **اردو ڈکشنری بورڈ :** اردو لغت (تاریخی اصول پر) -

جلد اول : الف مقصورہ ، ض : ۱۱۷۱ (مع اول و آخر زائد صفحات) س : ۱۹۷۷ء (اشاعت اول) ، م : محیط اردو پریس ، کراچی، ن : ترقی اردو بورڈ، کراچی- تعارف از محمد ہادی حسن (مقدمہ) صفحہ : الف تا و اردو لغات اور لغت نویسی (تلخیص مقالہ) مولوی عبدالحق صفحہ : ہ تا ز مقدمہ از ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی (مدیر اعلیٰ) صفحہ: ح تا ث مقدمہ میں لغت کے فن، تاریخ، مقاصد، ارتقا وغیرہ کے مسائل پر اظہار خیال کیا گیا ہے - اس کے بعد کے صفحات میں اس لغت کے دائرۂ کار ، طریق اندراج و املا ، اعراب ، رموز اوقاف و علامات ، شواہد و امثلہ ، اشتقاق وغیرہ نیز تلخیصات و اشارات (از نسیم امروہوی ، (مدیر اول) صفحہ : خ تا اد) اور بورڈ کی مجلس انتظامی و عملہ ادارت کی فہرست دی گئی ہے - (صفحہ : ۱ہ تا ۱ح) آخر میں چند ضمیمے بھی ہیں : قطعہ تاریخ طباعت از نسیم امروہوی ، ص : ۱۱۷۲ ، ضمیمہ (۱) سنسکرت الفاظ ، ص : ۱ تا ۱۸ ، ضمیمہ (۲) صحت نامہ (اردو) ، ص : ۱۹ تا ۲۳ ، ضمیمہ (۳) صحت نامہ (انگریزی)، ص : ۲۴ - **جلد دوم :** الف ممدودہ تا ب ، ص : ۱۵۸۲

(مع اول و آخر زائد صفحات) ، س : ۱۹۷۹ء (اشاعت اول)
م : محیط اردو پریس ، کراچی ، ن : ترقی اردو بورڈ ، کراچی ،
دیباچہ جلد دوم از ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی چار صفحات زائد
آخر میں : قطعہ تاریخ طباعت جلد دوم از نسیم امروہوی صفحہ
زائد صحت نامہ ، اضافہ و ایزادیہ جلد دوم ، ص : ۱ تا ۱۰ ،
صحت نامہ ، انگریزی الفاظ ، ص : ۱ تا ۲ ، (ہندی الفاظ اور
ان کا تلفظ) ، ص : ۱ تا ۷ ، صحت نامہ سے بعد کے صفحات
جلد میں شامل نہیں بلکہ الگ ہیں ۔ جلد سوم : بھ تا پریھوا ،
ص : ۹۵۸ (مع زائد صفحات ، اول و آخر) ، س : ۱۹۸۱ء
(اشاعت اول) ، م : محیط اردو پریس ، کراچی ، ن : ترقی
اردو بورڈ ، کراچی ، دیباچہ جلد سوم از ڈاکٹر ابو اللیث
صدیقی ۔ اوقاف و رموز و علامات مع چار زائد صفحات آخر
میں : تاریخ طباعت از قدرت نقوی و شاہدہ تسنیم زائد صفحہ ۔
جلد چہارم : پڑ تا تحریراً ، ص : ۱۰۰۰ ، س : ۱۹۸۲ء (اشاعت
اول) ، م : محیط اردو پریس ، کراچی ، ن : ترقی اردو بورڈ ،
کراچی ، دیباچہ جلد چہارم : از ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی
تلخیصات و اشارات اور اوقاف و رموز و علامات مع چار
صفحات زائد : جلد پنجم : تحریری تا تھیٹر ، ص : ۸+۹۳۴ ،
س : ۱۹۸۳ء ، م : محیط اردو پریس ، کراچی ، ن : اردو
ڈکشنری بورڈ ، کراچی : جلد ششم : ٹ تا جھاں گرد ،
ص : ۸+۹۹۳ ، س : ۱۹۸۴ء ، م : محیط اردو پریس ،
کراچی ، ن : اردو ڈکشنری بورڈ ، کراچی ۔

۱۸- **اشرف لکھنوی ، خواجہ محمد :** دستور الشعرا ، ص : ۱۸۸ ، س : ۱۸۸۹ء/۱۳۰۶ھ - لغت کا سرورق موجود نہیں - آخر میں یہ تحریرات شامل ہیں : تقریظ از منشی کامتا پرشاد ، ص : ۱۸۶ تا ۱۸۷ ، قطعہ تاریخ ۱ - سید کاظم حسین سرور - ۲ - خواجہ نور الدین ص : ۱۸۸ - ایک اور ایڈیشن کے بارے میں معلومات - (خ - غ) ص : ۱۴۴ ، س : ۱۹۱۱ء ، م : نامی پریس ، لکھنو - (پ)

۱۹- **اشرف علی ، خواجہ :** اشرف اللغات ، ص : ۴۴۰ ، س : ۱۳۱۱ھ ، م : مطبع نامی ، لکھنو - حصہ اول : الف تا ش - **اشرف اللغات :** ص : ۳۱۶ ، س : ۱۳۱۲ھ ، م : محولہ بالا - حصہ دوم : ص تا ی - جامع جمیع لغات و اصطلاحات مندرجہ کتب درسیہ و مجموعہ استعارات و کنایات -

۲۰- **اشرف علی گلشن آبادی ، سید عبدالفتاح :** اشرف اللغات ، ص : ۹۴ ، س : ۱۸۷۰ء م : حیدر پریس ، بمبئی - اشرف اللغات کا حصہ اول موسوم بہ مصادر الافعال اس میں اردو ، فارسی ، عربی اور انگریزی کے مصادر ہیں - انگریزی کے ساتھ اردو میں اس کا تلفظ بھی درج کر دیا گیا ہے - (خ)

اشرف علی گلشن آبادی ، سید عبدالفتاح : اشرف اللغات ، ص : ۱۲۴ ، س : ۱۸۷۱ء ، م : مطبع حیدری ، بمبئی ، اشرف اللغات کا حصہ دوم موسوم بہ مجامع الاسماء سرکاری سکولوں کے طلبہ کے لیے - یہ موضوعاتی لغت ہے اور ۳۵ عنوانات کے تحت اس میں الفاظ کو مرتب کر دیا گیا

ہے - مثلاً باب ۱ ، الٰہیات کی بابت ، باب ۲ ، روحانیات کی بابت ، باب ۳ ، خلقت کی بابت ، اسی طرح نام ہائے عمرو جنس ، نام ہائے خویشان ، اسامی اعضائے بدن - (غ)

اشرف علی ، محمد : دستور الشعرا ، : س : ۱۹۱۱ء ، م : نامی پریس ، لکھنو - (حسیب پاشا)

(ا ر د و)

۲۱- **اصغر ، راجیشور راؤ :** افسر اللغات ، ص : ۹۰ ، م : حیدر آباد، سرورق موجود نہیں - (خ)

۲۲- **اصغر ، راجیشور راؤ :** مجمع الالفاظ و مفتاح اللغات و نجم اللغات ، ان لغات کے وجود کا پتا کسی کتب خانے میں نہیں چلا - زہرا رضوی نے اپنے ایک مقالے میں ان کا ذکر کیا ہے - (اردو نامہ ، کراچی ، شمارہ : ۳۵) -

۲۳- **اصغر ، راجہ راجیشور راؤ :** قران السعدین مع مجمع البحرین ، ص : ۸+۶۳+۳۷۶ ، س : —(طبع ثانی) م : مطبع ابراہیمیہ ، حیدر آباد (دکن) - زبان اردو کے جملہ الفاظ مشتملہ عربی ، فارسی ، ہندی ، سنسکرت اور انگریزی کی تذکیر و تانیث مع شواہد و نظائر آغاز کتاب میں تذکیر و تانیث کے جامع قواعد بھی مرتب کر دیے ہیں (ص ۱ تا ۶۱) ، ابتدائی چار اضافی صفحات میں کتاب کی نوعیت اور اہمیت و افادیت کے تذکرے پر مشتمل مؤلف کا دیباچہ طبع اول و ثانی ہے - (غ)

۲۴- **امان الحق ، مولوی :** امان اللغات ، ص : ۴۰ ، س : ۱۹۱۳ء (بار چہارم) ، م : مطبع نول کشور ، کان پور ، سررشتہ تعلیم

اودھ کے ایما پر مدارس و مکاتب اینگلو ورنیکلر کے طلبہ کے استفادے کے لیے - اس کا پہلا ایڈیشن ۱۸۷۰ء میں شائع ہوا تھا اور دوسرا ایڈیشن ۱۸۸۹ء میں مطبع نول کشور ، لکھنو سے شائع ہوا تھا - (خ - غ - پ) ، اس کے ۱۹۰۱ء کے ایڈیشن کا حوالہ بھی ملتا ہے - (حسیب پاشا)

۲۵- **امیر مینائی لکھنوی ، امیر احمد :** امیر اللغات ، **حصہ اول :** الف ممدودہ ، ص : ہ + ۳۱۷ ، س : ۱۸۹۱ء (پہلی بار) ، م : مطبع مفید عام ، آگرہ ، ابتدائی صفحات پیش لفظ اور بعض ضروری قواعد و مسائل پر مشتمل ہیں - (پ - ڈ) ، **حصہ دوم :** الف مقصورہ ، ص : ۱۸ + ۳۲۵ ، س : ۱۸۹۲ء (پہلی بار) ، م : مطبع مفید عام ، آگرہ ، ابتدائی صفحات میں امیر اللغات کے حصہ اول پر مندرجہ ذیل اکابر و مشاہیر اور اخبارات کے تبصرے ہیں : سر سید احمد خاں ، اخبار اردو پنچ ، اخبار مفید عام ، اخبار آزاد ، منشی نور الحسن کاکوروی ، اکبر حسین اکبر الہ آبادی ، منشی محمد یسین شفق گورکھپور ، رسالہ مرقع عالم ، شمس العلما مولوی عبدالحق خیر آبادی ، رسالہ قمر اور حکیم اصغر حسین - (پ - ڈ)

۲۶- **اوحد الدین بلگرامی ، مولوی :** انفس النفائس ، ص : ۲۲۰ ، س : ۱۲۶۳ھ ، م : مطبع حسنی ، لکھنو ، ہندی ، فارسی اور عربی کا لغت ، آخر میں ص ۲۱۸ ، ۲۱۹ حوالہ پر متعدد اہل علم کے تاریخ طباعت درج ہیں -

(اردو ــ فارسی)

۲۷- **اوحد الدین بلگرامی :** نفائس اللغات ، ص : ٦٣٦ ، س : ۱۸۸۴ء ، م : مطبع منشی نول کشور ، لکھنو - (غ)

۲۸- **ایوان اردو :** اردو لغات جامع ، ص : ۱۰۴۸ ، م : اکبر امین پریس ، لاہور ، ن : ایوان اردو ، لاہور -

۲۹- **برز ، محمد احمد :** اعظم اللغات (یعنی اردو قانونی لغت) ، ص : ۲۴۸ ، ن : مکتبہ ابراہیمیہ ، حیدر آباد (دکن) (ادارہ)

۳۰- **بشیر احمد صدیقی :** جواہر اللغات ، ص : ۸ + ۷۹۱ ، (پہلی بار) ، م : مکتبہ جدید پریس ، لاہور ، ن : کتابستان پبلشنگ کمپنی ، لاہور ، جواہر اللغات اردو از مولف صفحہ : الف تا د ، قدیم و جدید الفاظ ، مرکبات ، محاورات اور اصطلاحات کی لغت - (غ)

۳۱- **تابش ، ذوالفقار احمد :** اعجاز اللغات ، ص : ۵۵۸ ، س : ۱۹۸۲ء ، م : سندھ ساگر پرنٹرز ، لاہور ، ن : سنگ میل پبلی کیشنز ، لاہور ، مؤلف کا مختصر پیش لفظ ص ۳ تا ۵ ملاحظہ ہو - (پ) اس کا دوسرا ایڈیشن اسی ناشر نے منظور پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ۱۹۸۴ء میں شائع کیا -

ترقی اردو بورڈ : اردو لغت (تاریخی اصول پر) دیکھیے : بہ ذیل : اردو ڈکشنری بورڈ -

(اردو)

۳۲- **ترقی اردو بورڈ :** نمونہ لغات اردو ، ص : ۱۲ + ۴٦ ، س : ۱۹٦۱ء ، م : ریپلیکا ، صدر ، کراچی ، ن : ترقی اردو بورڈ ،

کراچی ، بورڈ میں زیر ترتیب لغت کے اصول و انداز کے تعارف کے لیے - رسالہ اردو نامہ (کراچی) شمارہ پنجم ، جون ۱۹۶۱ء کے ضمیمے کے طور پر اور علیحدہ بھی شائع کیا گیا - اس میں بورڈ کی مینیجنگ کمیٹی کے ارکان اور مجلس ادارت کے ناموں کے علاوہ ، مختصر "اصول لغت" علامات و تلخیصات شامل ہیں - نیز پیش لفظ از ممتاز حسن صفحہ ۵ تا ۶ - (غ)

۳۳- **تصدق حسین رضوی ، سید :** لغات کشوری ، ص : ۸۳۶ ، س : ۱۹۷۲ء (بائیسواں ایڈیشن) ، م : مطبع منشی تیج کمار ، لکھنو ، ن : نول کشور ، لکھنو - چالیس ہزار عربی ، فارسی ، ترکی ، یونانی الفاظ و محاورات کے اردو معنی اور تشریح - اس ایڈیشن میں ۱۹۵۰ء کے ایڈیشن کے ضمیمے کو لغات میں کھپا دیا گیا ہے - مذکورہ بالا ناشر نے ۱۹۰۷ء میں اس کا آٹھواں ایڈیشن شائع کیا تھا - (غ) اسی مطبع سے اس کا بارھواں ایڈیشن ۱۹۲۳ء میں شائع ہوا - صفحات : ۵۸۴ اس کا پندرھواں ایڈیشن ۱۹۴۰ء میں مطبع نول کشور ، لکھنو سے شائع ہوا - صفحات : ۵۸۴ (خ) اس کا ایک ایڈیشن اتنے ہی صفحات پر مشتمل ۱۸۹۲ء میں نامی پریس ، لکھنو سے شائع ہوا - (پ) اس لغت کا سترھواں ایڈیشن ۱۹۴۷ء میں اور اٹھارھواں ایڈیشن ۱۹۵۱ء میں شائع ہوا تھا - تعداد صفحات : ۵۸۴ (غ)

۳۴- **جلال لکھنوی ، حکیم سید ضامن علی :** سرمایہ زبان اردو و تحفۂ سخنوران ، ص : ۳۲۸ ، س : ۱۳۰۴ء ، م : انوار المطابع ، لکھنو ، ن : ادارہ فروغ اردو ، لکھنو - جملہ

محاورات و کنایات و اصطلاحات و امثال اردو زبان کا جامع لغت جو شاعروں کے لیے بہت مفید ہے ۔ شروع میں مؤلف کا ایک صفحہ کا دیباچہ اور آخر میں یاس لکھنوی ، رفعت لکھنوی ، حشم لکھنوی ، کمال لکھنوی اور خود مؤلف کی تقریظ اور قطعات تاریخ طباعت شامل ہیں ۔ (خ ۔ پ) اس کا ایک ایڈیشن مطبع جعفری، لکھنو سے بھی شائع ہوا تھا ۔ (ڈ)

۳۵- **جمال الدین خاں :** کوکب دری ، م : مطبع شاہجہانی ، بھوپال ۔ (حسیب پاشا)

۳۶- **جمیل جالبی ، ڈاکٹر :** قدیم اردو کی لغت ، ص : ۲۴۴ ، س : ۱۹۷۳ء (بار اول) ، م : مسعود پرنٹرز ، لاہور ، ن : مرکزی اردو بورڈ ، لاہور ۔ ولی گجراتی اور اس سے قبل کی تصانیف نظم ، نثر (مطبوعات و مخطوطات) میں مستعمل تقریباً گیارہ ہزار قدیم الفاظ پر مشتمل ایک لغت ۔ تعارف از اشفاق احمد ڈائریکٹر بورڈ ۔ ص ۴ - ۵ پیش لفظ از مؤلف ۔ ص ۶ - ۷ آخر صفحات میں مؤلف نے ۲۱۳ تصنیفات نظم، نثر پر مشتمل ماخذ کی فہرست شامل کی ہے ۔ (پ)

۳۷- **چیتن شاہ ، ڈاکٹر :** بحرالجواہر اردو (داؤدی) ۔

۳۸- **حسن الدین احمد :** اردو الفاظ شماری ، ص : ۴۸+۶۸۷ ، ۵+۲۰ (انگریزی) ، س : ۱۹۷۳ء (اول بار) ، م : حیدر آباد دکن ، ن : ولا اکیڈمی ، حیدر آباد ، دکن ۔ سلسلۂ مطبوعات ولا اکیڈمی کی سولھویں مطبوعہ وزارت تعلیم حکومت ہند کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ۔ اس تالیف کا دوسرا ایڈیشن

۱۹۷۶ء میں اسی ادارے سے حکومت ہند کی وزارت تعلیم کے مالی تعاون سے شائع ہوا - (غ)

۳۹- **دل محمد ، خواجہ :** لغات اردو معروف بہ گلزار معانی ، ص : ۶ + ۱۶۸۰ ، س : — (بار اول) ، م : گلزار عالم پریس ، لاہور ، ن : خواجہ بک ڈپو ، لاہور - اس لغت میں ہر مضمون کی درسی کتب میں مستعمل اردو ، ہندی ، انگریزی الفاظ اور ان کے مادے ، محاورے ، ضرب الامثال اور اصطلاحات کے علاوہ اخبارات و رسائل میں استعمال ہونے والے الفاظ کے معانی بھی دیے گئے ہیں - (پ)

۴۰- **دھرم داس :** معانی الالفاظ ، ص : ۸ ، س : ۱۸۷۹ء ، م : لاہور - (داؤدی)

۴۱- **رام کشن ، لالہ و امیر چند ، منشی :** اردو لغات ، ص : ۸ + ۳۷۰ ، س : ۱۸۹۴ء ، م : مطبع مفید عام ، لاہور ، ن : منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز ، لاہور - چودہ ہزار کے قریب الفاظ و محاورات جو کتب درسیہ سررشتہ تعلیم پنجاب ، قصص متداولہ اور اخبارات مروجہ سے عام طور پر استعمال ہوتے ہیں - آغاز کے اضافی صفحات میں مرزا بیدل دہلوی ، عمرالدین، پنڈت پیڑا لال ، لالہ بلدیو سہائے ، لالہ تارا چند ، لالہ گوبند رام ، لالہ ہیمراج ، لالہ چرنجی لال ، پیر سلطان احمد ، شیخ فضل الٰہی ، محمد نجف علی ، ماسٹر عبداللہ خاں ، لالہ ہیرا لال کی آرا اس لغت کے بارے میں - نیز دیباچہ ء مؤلف بھی شامل ہے - (پ - ڈ)

۴۲- **رشک لکھنوی ، میر علی اوسط : نفس اللغہ**، ص : ۱۵۰+۴ ، س : (طبع اول) ، م : نیر پریس ، لکھنو ۔ رشک لکھنوی (ف ۱۲۸۴ھ)۱۲۵۶ھ میں یہ لغت تالیف کیا اور «نفس اللغہ» تاریخی نام رکھا ۔ مؤلف کے انتقال کے بعد شائع ہوا ۔ دیباچہ از نشتر (ص ۱ تا ۱۴) میں مؤلف کے حالات، علمی و ادبی خدمات بیان کی گئی ہیں اور اس لغت کے خصائص پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ (خ)

۴۳- **زاہد الحسینی ، قاضی محمد :** دینی لغات ، ص : ۳۶۴ ، س : ۱۳۷۹ھ ، م : منظور عام پریس ، پشاور ، ن : اٹک دارالاشاعت شمس آباد ۔ دینی لغات ۔ جلد اول شروع کے ۶۴ صفحوں میں انتساب کے بعد مفتی محمد شفیع دیو بندی اور علامہ شمس الحق افغانی کی تقاریظ ہیں ۔ اس کے بعد مؤلف کا طویل مقدمہ ہے جس میں اس لغت کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے نیز ان التزامات کا ذکر کیا گیا ہے جن کا اہتمام اس لغت میں کیا گیا ہے ۔ صفحہ ۶۵ سے لغت کا آغاز ہوتا ہے اور حرف «شین» پر یہ لغت ختم ہو جاتا ہے ۔ (ڈ)

۴۴- **زین العابدین خاں :** مطلع العلوم، ص : ۴۳۴ ، س : ۱۸۹۳ء، م : مطبع نول کشور ، لکھنو ۔ (داؤدی)

۴۵- **سر سید احمد خاں :** نمونہ «لغت زبان اردو» مقالات سر سید جلد ۷ ، لاہور ۱۹۶۲ء ، ص : ۲۳۰ یہ حوالہ انسٹیٹیوٹ گزٹ ، علی گڑھ ۔

۴۶- **سکندر ، ایم :** لغات جدید ، ص : ۸+۸۵۳ ، س : ۱۹۵۲ء (دوسرا ایڈیشن) ، م : نعمانی پریس ، دہلی ، ن : کتب خانہ

آریہ ورت ، دہلی - ابتدائی اضافی صفحات میں سرورق ، پیش لفظ (ص ۵ تا ۶) اور رموز و اشارات ہیں - (پ)

۴۷- **سورج مل :** ہندوستانی لغت ، س : ۱۸۷۴ء ، م : پٹنہ (داؤدی) -

۴۸- **سید احمد دہلوی :** لغات اردو (معروف بہ) ارمغان دہلی ، ص : ۱۵۶ ، س : ۱۸۷۸ء (طبع اول) م : مطبع مجتبائی ، دہلی - ہندوستانی خاص و عام بول چال کے لغت ، ان کے مادے ، علم زبان کے نکتے ، صرف و نحو کے مسئلے مع امثلہ نظم و نثر - بہ سلسلۂ اردو زبان دانی - الف ممدودہ تمام - تعداد لغات دو ہزار--چار حصوں میں منصوبے کا حصہ اول - دیباچہ از مؤلف ص : ۱ تا ۸ صحت نامہ از مؤلف ص : ۱۴۷ تا ۱۴۹ تبصرے اور تقاریظ اخبارات و مشاہیر ص : ۱۵۲ تا ۱۵۵ (خ - پ)

۴۹- **سید احمد دہلوی :** فرہنگ آصفیہ -

حصہ اول : الف تا ت ، ص : ۳۲ + ۵۳۰ ، س : ۱۹۰۸ء (طبع اول) ، م : رفاہ عام پریس ، لاہور ، ن : سید احمد دہلوی کوچۂ پنڈت ، دہلی ، مقدمہ از مؤلف ص ۱ تا ۳۲ ، پچپن ہزار سے زائد ہمہ قسم کے الفاظ ، (خ) - اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۱۸ء میں دہلی سے (غ) اور تیسرا ایڈیشن بھی ۱۹۷۴ء میں دہلی سے شائع ہوا - اس کے چوتھے اور پاکستانی ایڈیشن کے بارے میں معلومات یہ ہیں : س : (۱۶) + ۶۶۴ ، م : معارف پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : مکتبہ حسن سہیل لمیٹڈ ، لاہور - اس کے آغاز و اختتام میں مندرجہ ذیل تحریریں شامل ہیں :

منظور ہے گزارش احوال واقعی از خورشید احمد ، ناشر صفحہ د تا ح اشاعت تالیف کے مصائب اور اعلیٰ حضرت نظام از مولف صفحہ ی تا م مؤلف فرہنگ کا حسب نسب از مؤلف صفحہ ۵ تا ۸ مقدمہ طبع اول از مؤلف ص ۹ تا ۷۵ - مؤلف نے مقدمے میں اردو زبان کی تاریخ ، ترقی ، وسعت ، لغت کی تاریخ ، فن لغت ، اس فرہنگ کی اہمیت خصوصیت وغیرہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے - آخر اختتامیہ از مؤلف اور تقاریظ از قلم محمد تقی جان قمر گیاوی شامل ہیں - (خ - پ)

حصہ دوم : ٹ تا ژ ، ص : ۳۰ ۴ ، س : ۱۹۰۸ء (طبع اول) ، م : مطبع رفاہ عام ، لاہور - آخری چار صفحوں میں اس جلد کا صحت نامہ ہے - (خ) اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۷۴ء میں دہلی سے شائع ہوا - اس کے بعد تیسرا ایڈیشن لاہور سے شائع ہوا - ضروری معلومات یہ ہیں : ص : ۴۲۴ ، م : اے اے پرنٹرز ، لاہور ، ن : مکتبہ حسن سہیل لمیٹڈ ، لاہور - (پ)

حصہ سوم : س تا ک ، ص : ۶۶۴ ، س : ۱۸۹۸ء (طبع اول) ، م : اسلامیہ پریس ، لاہور - چون ہزار ہر قسم کے الفاظ ، محاورات ، ضرب الامثال پر مشتمل لغت - (خ) اس فرہنگ کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۷۴ء میں دہلی سے شائع ہوا - اس کے بعد تیسرا ایڈیشن لاہور سے شائع ہوا - اس ایڈیشن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں : ص : ۶۶۴ ، م : معارف پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : مکتبہ حسن سہیل لمیٹڈ ، لاہور ، (پ) **حصہ چہارم** : ک تا ی ، ص : ۲+۸۷۰+۸ ، س : ۱۹۰۸ء (طبع اول) ، م : رفاہ عام پریس ، لاہور ، ن : سید

احمد دہلوی ، کوچہ پنڈت ، دہلی ، شکر گزاری از مؤلف ، ص ۱ تا ۲ ، لغت حصہ چہارم حرف گ ، ص ۱ تا ۹۳۷ - اس کے بعد لغت سے استفادے کے لیے ہدایات ، قطعات تاریخ ، تقاریظ اور تبصرے ہیں - ص ۹۳۷ تا ۸۷۰ - (خ) اس فرہنگ کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۷۴ء میں دہلی سے شائع ہوا - اس کے تیسرے پاکستانی ایڈیشن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں: ص: ۸۶۴ ، م : معارف پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : مکتبہ حسن سہیل لمیٹڈ ، لاہور - (پ)

۵۰- **سید احمد دہلوی :** ہندوستانی اردو لغات ، ص : ۱۱۲۰ ، م : مطبع ارمغان ، دہلی - ناقص الاول ، ناقص الوسط ، ناقص الآخر (ڈ)

۵۱- **شائق دہلوی ، میر سید علی :** شائق اللغات ، ص : ۸ + ۱۱۲ ، س : ۱۹۸۴ء ، م : رشید آرٹ پریس و ایجوکیشنل پریس ، کراچی ، ن : سید پبلی کیشنز ، کراچی - اس پر گزارش کے عنوان سے سید انور علی اور «تمہید» کے عنوان سے ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی کی تحریرات شامل ہیں - (اضافی صفحات ۲ تا ۸) - (پ)

۵۲- **شائق قریشی ہاشمی ، نذیر الدین حسن :** مصدر فیوض ، ص : ۸۶ ، س : ۱۲۹۲ھ ، م : مطبع نظامی کانپور - اس کا ایک ایڈیشن مطبع نارائینی دہلی سے بھی ۱۸۶۳ء میں شائع ہوا تھا -

۵۳- **شاہجہان بیگم ، نواب :** لغات شاہ جہانی ، ص : ۵۰ ، س : ۱۲۹۵ھ ، م : مطبع فیض مطلع شاہجہانی - (پ)

۵۴- **شاہجہاں بیگم : خزانتہ اللغات** ، س : ۱۳۰۴ھ ، م : مطبع شاہجہانی ، بھوپال - رئیسہ ریاست بھوپال شاہجہان بیگم نے یہ چھ زبانوں کا لغت مرتب کیا ہے - بڑے سائز کے اس لغت کے آمنے سامنے کے دو صفحوں کو اردو ، فارسی ، عربی ، سنسکرت ، انگریزی ، ترکی کے چھ خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور اردو کو بنیاد بنا کر ہر زبان کے لغت کے لیے ایک خانہ مخصوص کر دیا ہے - سنسکرت اور انگریزی کے خانوں اور رسم الخط کے ساتھ لغات کو دیوناگری رسم الخط اور انگریزی رسم الخط میں بھی لکھا گیا ہے - اردو لغات کے جہاں عربی ، سنسکرت یا ترکی لغات نہیں ملے وہاں خانہ خالی چھوڑ دیا گیا ہے - **جلد اول** : ص : ۳۷۷+۳۴ حرف الف تا ز - آخر میں صحت نامہ شامل ہے (ص ۱ تا ۳۴) - **جلد دوم** : ص : ۵۷۴+۲۸+۲۹ حرف ، س تا ی - اصل لغت صفحہ ۵۲۱ پر ختم ہو جاتی ہے - اس کے بعد خاتمہ الطبع ، از سید جمیل احمد سہسوانی ، قطعات تاریخ طبع تقاریظ ترکیب بند درتہنیت ، اردو ، انگریزی ، ہندی ، فارسی نظم و نثر میں شامل ہیں (صفحہ ۵۲۲ تا ۵۷۲) بعدہ تتمہ خزانتہ اللغات و فرہنگ بعض الفاظ شامل ہے (ص ۱ تا ۱۷) اس کے بعد اضافہ وتصحیح ہے - (خ - غ - پ)

۵۵- **شیخ برکت علی اینڈ سنز : فیض اللغات اردو** موسومہ بہ پریکٹیکل اردو ڈکشنری ، ص : ۶۶۲ ، م : انصاف پریس ، لاہور ، ن : شیخ برکت علی اینڈ سنز ، لاہور - (غ)

۵۶- **عارف ابوالعلائی ، ابوالمعارف میر لطف علی: فرہنگ عثمانیہ ،** ص : ۱۶+۳۱۸ ، س : ۱۳۴۷ھ / ۱۹۲۹ء (بار اول) ، م : خورشید پریس ، حیدر آباد (دکن) - جملہ دفاتر و اسناد قدیم کی اصطلاحات کی فرہنگ -

سولہ صفحوں پر مشتمل تمہید جس میں تالیف کی غرض وغایت اور فریضہ شکر وسپاس بھی ادا کیا گیا ہے - بعدہ صفحہ ایک سے فرہنگ کا آغاز ہوتا ہے - آخر (۳۱۸) پر مؤلف کا قطعہ تاریخ طباعت ہے - (خ)

۵۷- **عارف ، فضل الٰہی : فرہنگ کارواں ،** ص : ۱۶ + ۸۵۲ ، س : ۱۹۶۲ء ، م : اردو پریس ، لاہور ، ن : مکتبہ کارواں ، لاہور - ابتدا کے اضافی صفحات میں پروفیسر وقار عظیم کے قلم سے تعارف (ص ۵ تا ۹) مؤلف کے قلم سے سر آغاز (ص ۱۰ تا ۱۳) اور اشارات و ہدایات (ص ۱۴ تا ۱۶) برائے استفادہ فرہنگ ہیں - (پ)

۵۸- **عبد الحق ، ڈاکٹر : لغت کبیر ،** جلد اول، ص : ۵۶+ ۴۲۰ ، الف ممدودہ، جلد اول حصہ دوم، ص: ۲۱۴+۸۹۴، الف ممدودہ، جلد دوم ، حصہ اول ، ص : ۵۵+۲۵۷ ، الف مقصورہ ، جلد اول پر حرفے چند از جمیل الدین عالی، ص : ۱ تا ۴، تعارف از ڈاکٹر شوکت سبز واری ، ص : ۵ تا ۷ ، مقدمہ : اردو لغات اور لغت نویسی ، از مولوی عبدالحق ، ص ۱۸ تا ۵۶ ، جلد دوم پر اس لغت کی تاریخ تدوین ، از ہاشمی فرید آبادی ، (ص ۵ تا ۷) حرفے چند از جمیل الدین عالی ، معتمد اعزازی انجمن (ص ۹ تا ۱۰) اور تعارف از ڈاکٹر شوکت سبزواری (ص

۱۱ تا ۱۳) شامل ہے - ڈاکٹر سبزواری کا تعارف وہی ہے جو جلد اول میں شامل ہے - (خ - غ)

۵۹- **عبداللہ خاں :** لغات احسانی ، ص : ۲+۱۲۰۷ ، (بار اول) ، م : کپور آرٹ پرنٹنگ ورکس ، لاہور ، ن : عطر چند کپور اینڈ سنز ، لاہور - صفحہ اول پر سنہ اشاعت درج ہے - لیکن اس کا وہ حصہ پھٹ گیا ہے - (کع)

۶۰- **عبداللہ خاں خویشگی ، محمد :** فرہنگ عامرہ ، ص : ۲۶+ ۷۵۰ ، س : ۱۹۵۷ء (طبع چہارم) ، م : ٹائمز پریس ، کراچی- اردو زبان میں مستعمل عربی ، فارسی اور ترکی الفاظ کی با تلفظ لغات - اس کے ابتدائی تین ایڈیشنوں کے سنہ یہ ہیں ۱۹۳۷ء ، ۱۹۴۶ء ، ۱۹۵۳ء - مشمولات کی ترتیب حسب ذیل ہے - تبصرے اشخاص ، اخبارات اور رسائل کی آراء کے اقتباسات ص ۳ تا ۱۳ - دیباچہ طبع اول (ص ۱۵ تا ۱۸) دیباچہ طبع چہارم (ص ۱۹ تا ۲۳) - لغت سے استفادے کے لیے چند ضروری ہدایات (ص ۲۴ تا ۲۶) - لغت (ص ۱ تا ۷۱۰) اردو زبان کے ارباب قلم کی فہرست مع سنین ولادت وفات (ص ۷۱۱ تا ۷۴۸) ، موجودہ آزاد اسلامی مملکتیں (ص ۷۴۹ تا ۷۵۰) - (غ) اس لغت کا پہلا ایڈیشن ۱۹۳۷ء میں جیدبرقی پریس ، دہلی میں چھپا تھا اور مؤلف نے خورجہ (یوپی) سے میر عثمان علی خاں نظام حیدر آباد کے جشن جوبلی کے موقع پر شائع کیا تھا اس ایڈیشن کے آخر میں ارباب قلم کے بارے میں معلومات شامل نہیں ہیں - صفحات : ۱۴+ ۵۸۲ - (خ - غ)

۶۱- **عبدالمجید ، خواجہ : جامع اللغات ، ن :ا جامع اللغات** کمپنی ، لاہور ، ملک دین محمد اینڈ سنز ، لاہور، مقدمہ : از مؤلف ص ۱ تا ۱۸ - مؤلف نے مقدمے میں اردو زبان کی تاریخ ، ادب کا ارتقا ، لغت اردو کی تاریخ ، پیشتر کے کاموں کا جائزہ، جامع اللغات کے خصائص و محاسن، دوسرے لغات سے اس کا موازنہ کیا ہے اور تفصیل سے بحث کی ہے - نیز اس کے مآخذ اس میں مستعملہ علامات وغیرہ کی وضاحت کی ہے - حصہ اول : ص : ۱۸ + ۶۳۹ ، حرف الف تا ب - حصہ دوم : ص : ۶۵۸ ، حرف ب تا خ - حصہ سوم : ص : ۶۷۲ ، حرف د تا ف - حصہ چہارم : ص : ۹۲۳ ، حرف ق تا ی - اس آخری حصے کے آخر میں خاتمہ کتاب ، (ص ۹۰۶ ، ۹۰۷) سے معلوم ہوتا ہے کہ اس لغت کا پہلا حصہ جنوری ۱۹۳۳ء میں اور آخری حصہ جنوری ۱۹۳۵ء میں شائع ہوا - یہ حصے لاہور کے مسلم پرنٹنگ پریس ، کواپریٹو پرنٹنگ پریس اور عالم گیر پرنٹنگ پریس میں شائع ہوئے - جن لوگوں نے اسے پسند کیا اور ہمت افزائی کی ان میں علامہ اقبال اور حافظ محمود شیرانی شامل ہیں - آخر میں چند ضمیمے شامل ہیں : ضمیمہ ۱ تقویم سنہ ہجری تا ۱۴۰۰ھ مع انگریزی تقویم (ص ۹۰۸ ، ۹۲۲) ، ضمیمہ ۲ پیمانہ جات (ص ۹۲۳) - (خ - پ)

۶۲- **عزیز لکھنوی ، مرزا محمد ہادی** : عزیز اللغات ص : ۴ + ۳۸ + ۷۳۶ ، س : ــــ (دفعہ اول) ، م : مطبع انوار احمدی ، (الہ آباد) - اضافی صفحات کو اس مصرف میں لایا گیا ہے - پیش

لفظ ، ص ۱ تا ۴ متفرق محاورات و ضرب الامثال ، ص ۱ تا ۱۱ ، اخباری اصطلاحات ، ص ۱۲ تا ۳۸ - (پ - ڈ)

۶۳- **عشرت لکھنوی ، خواجہ عبدالرؤف : لغات اردو** ، ص : ۳۲ ، س : ۱۹۲۴ء (بار اول) ، م : نامی پریس ، لکھنو - حروف روابط مستعملہ زبان اردو کے لغوی اصطلاحی معنی محاورہ اور حرف با محل کی مثال - (ڈ)

عشرت لکھنوی ، خواجہ عبدالرؤف : لغات اردو، ص : ۷۲ ، س : ندارد (بار اول) م : میتھو ڈسٹ پبلشنگ ہاؤس ، لکھنو - **جلد اول** : ـــ از حرف الف تا ہ (پیش لفظ) از مؤلف ص ۳ تا ۵ - مصادر مفردہ کے لغوی اصطلاحی معانی ، محاورہ اور حرف با محل کی امثال ـــ بہ قول مؤلف "زبان اردو کا نیا ٹکسالی لغت" - (خ - غ - ڈ) اس لغت کا ایک ایڈیشن ۱۹۲۴ء میں الناظر بک ایجنسی ، لکھنو نے شائع کیا تھا - (پ) اشاعت دیگر ، ص : ۴۸ ، س : ـــ (بار اول) ، م : میتھو ڈسٹ پبلشنگ ہاؤس ، لکھنو - مصادر مرکبہ معاونِ فعل کے لغوی ، اصطلاحی معانی اور ان کی مثال - سلسلہ لغات اردو کی **جلد دوم** - (غ - ڈ) اشاعت دیگر ، ص : ۱۷۶ ، س : ۱۹۲۳ء (بار اول) ، م : نامی پریس ، لکھنو - سلسلہ لغات اردو کی **جلد سوم** ـــ مصادر مرکبہ مع اسماء کے لغوی اصطلاحی معانی ، محاورہ اور حرف با محل کی مثال - (ڈ)

۶۴- **عطر چند کپور اینڈ سنز : تاج اللغات** ، ص : ۶+۱۳۲۰+ ۳۵ ، س : ۱۹۴۵ء ، م : کپور آرٹ پرنٹنگ ورکس ، لاہور ،

ن : عطر چند کپور اینڈ سنز ' لاہور - ابتدائی چھ صفحوں میں پیش لفظ اور آخری ۳۵ صفحوں میں جغرافیکل ضمیمہ ہے جس میں دنیا کے ممالک اور مشہور شہروں کے محل وقوع بتائے گئے ہیں - (کع) اس کا ایک ایڈیشن ۱۹۳۲ء میں بھی اسی ادارے نے شائع کیا تھا - (پپ)

۶۵- **غلام سرور** : جامع اللغات اردو ، س : ۱۸۹۲ء ، م : مطبع منشی نول کشور ، لکھنو - (حسیب پاشا)

۶۶- **فاضل لکھنوی ، سید مرتضیٰ حسین و نسیم امروہوی ، سید قائم رضا و محمد باقر ، آغا** : نسیم اللغات ، ص : ۱۰۳۹ ، س : ۱۹۶۷ء (اشاعت دوم) ، م : علمی پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : شیخ غلام علی اینڈ سنز ، لاہور - دوسرا نو ترمیم عکسی ایڈیشن - اس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۶۱ء میں نکلا تھا - (پپ) **نیا ایڈیشن** : ص : ۱۰۳۸ ، س : ۱۹۷۵ء (اشاعت پنجم) ' م : علمی پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : شیخ غلام علی اینڈ سنز ، لاہور - کلاسیکل اردو لٹریچر سے الفاظ ، محاورات، روزمرہ ، کے الفاظ ، تلفظ اور تذکیر و تانیث کی صراحت اور حقیقی و مجازی معانی کی وضاحت کے ساتھ - (ڈ)

۶۷- **فیروز ڈسکوی ، مولوی فیروز الدین**: اردو لغات فیروزی، ص : ۹۳۹ ، س : ۱۹۴۸ء ، م : تعلیمی پریس ، لاہور ، ن : منشی رحیم بخش اینڈ سنز ، سیال کوٹ - اس کا ایک ایڈیشن ۱۹۳۱ء میں آزاد بک ڈپو ، امرتسر سے شائع ہوا تھا - پنجاب یونیورسٹی لاہور ہی میں تھا لیکن اب غائب ہے - (پپ) بہ تصحیح منشی

رفیق احمد خورجوی مئی ۱۹۷۵ء، ص : ۶۰۳، س : ۱۹۷۶ء، م : ندارد، ن : جے - ایس، سنت سنگھ اینڈ سنز، تاجران کتب چوڑی والان، دہلی (بحوالہ : ذاتی کتب خانہ ڈاکٹر گوہر نوشاہی) -

فیروز الدین ڈسکوی، مولوی : مختصر قانونی اصطلاحات، مقدمہ : ڈاکٹر گوہر نوشاہی، ص : ۳۶، س : ۱۹۸۵ء، م : پیپ بورڈ پرنٹرز، راولپنڈی، ن : مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد - مولانا ڈسکوی کی تالیف اردو لغات فیروزی سے قانونی الفاظ و اصطلاحات کا انتخاب -

۶۸- فیروز الدین، مولوی : فیروز اللغات اردو، ص : (۶)+ ۹۱۲، س: ۱۹۲۱ء، م : گلزار ہند اسٹیم پریس - لاہور، ن : مولوی فیروز الدین اینڈ سنز پبلشرز، لاہور - حصہ اول — الف تا ژ - رائج الوقت اردو کے پچاس ہزار الفاظ، محاورات، ضرب الامثال کہاوتیں وغیرہ کے دو لاکھ سے زیادہ معانی - دیباچہ از مؤلف ص : الف تا و - (خ) فیروز اللغات اردو کے ایک اور ایڈیشن (بلا تاریخ) کے بارے میں معلومات یہ ہیں - حصہ اول : ص : ۶۹۶، الف تا ژ، حصہ دوم : ص : ۶۳۸، س تا ی - (پ) حصہ دوم : طبع چہارم کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں - ص : ۶۰۰، م : فیروز پرنٹنگ ورکس، لاہور - (خ)

فیروز الدین، مولوی : فیروز اللغات - اردو جامع، ص : ۱۲۷۲ +۶۱، س : ۱۹۶۷ء (نیا ایڈیشن)، م : فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور، ن : فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور - نظرثانی جدید ترتیب

اور اضافوں کے ساتھ ۔ ایک لاکھ کے قریب قدیم و مروجہ الفاظ ، مرکبات ، محاورات ، ضرب الامثال اور علمی ، ادبی و فنی اصطلاحات مع تتمہ فیروز اللغات ص ۱ تا ۶۱ ، ۱۹۶۸ء کا ایڈیشن بھی اسی ایڈیشن کے مطابق ہے ۔ (غ)

۶۹- **قیس چشتی ، محمد حسین : عجائب اللغات** ، ص : ۱۱۱ ، س : ۱۹۳۰ء ، م : فیروز پرنٹنگ ورکس ، لاہور ، ن : فیروز الدین اینڈ سنز ، لاہور ۔ (پ ۔ کع)

۷۰- **کاہن چند کپور :** لغات کاہن چندی درسی ، ص : ۵۰۴ ، س : ۱۹۲۰ء (بار اول) ، م : پرکاش سٹیم پریس ، لاہور ، ن : عام استعمال کی اردو لغت جس میں محاورات ، ضرب الامثال اور اصطلاحات بھی شامل ہیں ۔ آخر کے ایک دو ورق غائب ہیں ۔ (پ ۔ ڈ)

۷۱- **کریم الدین ، مولوی :** کریم اللغات بہ اضافہ مختصر اللغات ، ص : ۴۳۱+۲۴ ، س : ۱۸۷۲ء ، م : مطبع حیدری ، بمبئی ۔ حسب الحکم جناب ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن ممالک پنجاب واسطے استعمال مدارس سررشتۂ تعلیم بمبئی ۔ (ادارہ) اشاعت دیگر : کریم اللغات ، ص : ۲۱۵ ، س : ۱۸۸۰ء ، م : مطبع منشی نول کشور ، کان پور ۔ اودھ کے سررشتۂ تعلیم کے واسطے مؤلف نے ۱۸۶۱ء میں تألیف کیا ۔ ۱۸۸۰ء تک اس کے کئی ایڈیشن شائع ہو کر مقبول ہو چکے تھے ۔ (غ) اس کا ایک ایڈیشن (بلا تاریخ) لاہور سے حاجی چراغ دین تاجر کتب نے شائع کیا تھا ۔ (پ) اشاعت دیگر کریم اللغات بہ اضافۂ

عظیم اللغات ، ص : ۲۹٦ ، س : ۱۸۹۳ء (بار سوم) ، م : مطبع احمدی ، کان پور - سرکاری اسکولوں میں پڑھائے جانے والے نصاب کے تمام الفاظ کی فارسی اردو لغت - (خ) اس کا پہلا ایڈیشن ۱۸٦۱ء میں ۲۳۲ صفحوں پر مشتمل چھپا تھا - (غ) دوسرا ایڈیشن ۱۸۹۱ء میں مفید عام پریس ، لاہور سے شائع ہوا ، تعداد صفحات ۲۷۲ - بار سوم بہت سے الفاظ کے اضافے اور ترمیم و تصحیح کے بعد شائع ہوا - ۱۸۹٦ء میں اس کا ایک ایڈیشن مطبع قیوسی ، کان پور سے شائع ہوا - اس کا ایک اور ایڈیشن ۱۸۹۹ء میں مطبع مفید عام ، لاہور سے رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز ، لاہور نے شائع کیا ، اس کے صفحات کی تعداد ۲۷۲ ہے - (خ - غ) اس لغت کا ایک ایڈیشن مطبع رزاق کانپور سے بھی شائع ہوا تھا - (ڈ) اس کا ایک ایڈیشن حاجی چراغ الدین ، سراج الدین تاجران کتب ، لاہور کا شائع کردہ پنجاب یونی ورسٹی لائبریری میں موجود ہے - ص : ۲۰۰ سرورق موجود نہیں - اس لیے دوسری معلومات اخذ نہیں کی جا سکیں - (پپ)

۷۲- **کنھیا لال** : مفید اللغات ، ص : ۵۸ ، س : ۱۸۸۸ء (دفعہ اول) ، م : مطبع مفید عام ، لاہور ، ن : منشی گلاب سنگھ گورنمنٹ پبلشر ، لاہور - (پپ)

۷۳- **لق لق ، حاجی** : آدم اللغات ، ص : ۳۴۰+۷٦ ، س : ۱۹۵۱ء (اول اشاعت) ، م : اتحاد پریس ، لاہور ، ن : سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز ، لاہور - "عرض مؤلف" کے عنوان سے

مؤلف نے لغت کی تالیف کی ضرورت پر روشنی ڈالی ہے۔ اصل لغات ۳۲۰+۸ صفحات پر ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد اردو فارسی محاورات اور ان کا مفہوم اور تشریح ہے۔ (پپ)

۷۴۔ **محمد، سید**: مفتاح اللغات، س: ۱۸۵۱ء، م: دہلی (داؤدی)۔

۷۵۔ **محمد اعظم علوی و ظہیر، اے۔ بی**: ڈائرکٹر اردو ڈکشنری، ص: ۳۰۰، س: ۱۹۵۲ء، م: ایس۔ ڈبلیو پریس، لاہور، مکتبہ ڈائرکٹر، لاہور۔ ناشر کے "تعارف" اور محمد اعظم علوی کے "پیش لفظ" کے ساتھ جس میں اس لغت کے منصوبے اور اس کی اہمیت کا تعارف کرایا ہے۔ (پپ)

۷۶۔ **محمد باقر، آغا**: سٹینڈرڈ اردو ڈکشنری، ص: ۴+۸۷۶، س: ۱۹۴۸ء (طبع دوم)، م: علمی پرنٹنگ پریس، لاہور، ن: کتاب منزل، لاہور۔ پیش لفظ صفحہ الف تا د۔ اردو میں ہمہ قسم کے الفاظ، اصطلاحات و محاورات کا جامع لغت، جس میں پیش لفظ میں دعوے کے مطابق پانچ ہزار الفاظ ایسے شامل ہیں جو عام طور پر اردو ڈکشنریوں میں نہیں ملتے۔ اس لغت کا منصوبہ علامہ تاجور نجیب آبادی کے ایک مضمون مطبوعہ ادبی دنیا، لاہور سے لیا گیا۔ (پ)

۷۷۔ **محمد جعفر**: مختصر اللغات، ص: ۲۴، س: ۱۸۶۸ء، م: مدراس۔ (داؤدی)

۷۸۔ **محمد رفیع، مولانا و محمد رکیع، مولانا**: جامع اللغات اردو، ص: ۴۴۷، س: ۱۹۸۱ء (اشاعت اول)، م: تنویر پروسیس، کراچی، ن: دارالاشاعت، کراچی۔ پچاس ہزار الفاظ کا جامع اردو لغت۔ (پ)

۷۹- محمد سعید : لغات سعیدی ، ص : ۵۰ ، س : ۱۸۷۴ء ، م : مدراس - (داؤدی)

۸۰- محمود حیدر آبادی ، سید اسحاق : فرہنگ اسحاق ، ص : ۵۴ ، س : ۱۳۲۵ھ ، م : مطبع ابوالعلائی ، آگرہ - مصادر کا لغات - جس میں فاعل اور اسم فاعل کی صراحت بھی کی گئی ہے- مثلاً ابتدا، مبتدی، مبتدی- ہجر، ہاجر، ہجور، صرف مصدر کے معنی دیے گئے ہیں - ناقص الآخر (خ)

۸۱- مرکزی اردو بورڈ : اردو کے خوابیدہ الفاظ ، ص : ۶+۹۶ ، س : ۱۹۷۲ء ، م : مکتبہ جدید پریس ، لاہور ن : مرکزی اردو بورڈ ، لاہور - ایسے الفاظ کی فہرست مع معانی جو اردو تحریروں میں تو اب بہت کم استعمال ہوتے ہیں لیکن پاکستان کی علاقائی زبانوں میں وہ اظہار کا اہم حصہ ہیں - تعارف از اشفاق احمد ڈائرکٹر بورڈ ص ۳ تا ۶ - (خ)

۸۲- مسعود حسین خاں و غلام عمر خاں : دکھنی اردو کی لغت ، ص : ۱۲+۳۸۱ ، س : ۱۹۶۹ء ، م : انتخاب پریس ، حیدر آباد دکن ، ن : آندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈیمی ، حیدر آباد دکن - اس لغت میں مسعود حسین خاں کے بہ قول چھ ، سات ہزار الفاظ قدیم دکھنی کے شامل ہیں - (دیباچہ : صفحہ زائد) اس کے بعد ان مخطوطات و مطبوعات کی فہرست مع ان کے مخففات کے ہے جن سے اس لغت کے الفاظ اخذ کیے گئے ہیں - (صفحہ ۱ تا ۱۲) (غ)

۸۳- **مقبول بیگ بدخشانی ، مرزا : اردو لغت** ، ص : ۷۸۴ ، س : ۱۹۶۹ء (اول بار) ، م : میزان پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن : مرکزی اردو بورڈ ، لاہور - **پیش لفظ از مؤلف** ص ۵ تا ۸ اردو الفاظ کے علاوہ انگریزی ، عربی ، فارسی اور دیگر زبان کے الفاظ جو نصاب میں شامل اور اردو زبان میں عام طور پر مستعمل ہیں - بنیادی طور پر طلبہ کی ضرورت کے پیش نظر تالیف کی گئی - (غ)

۸۴- **مکرم لکھنوی : مہذب اللغات** ، ص : ۱۰۰ ، س : ۱۹۸۱ء ، م : انٹرلیشنل پریس ، ن : انجمن محافظ اردو ، کراچی - حرف اول از شررصہبائی ص ۳ تا ۱۰ ، ص : جدید اردو الفاظ پر مشتمل لغت حرف اول میں شرر صہبائی نے مؤلف لغات کے حالات علمی ادبی خدمات اور اس لغت کی خصوصیات بیان کی ہیں - حرف آخر مؤلف کے قلم سے ہے جس میں انھوں نے معاونین کا شکریہ اور لغت کی تألیف کے بارے میں اپنے نقطہ نظر اور اپنی کوشش کا ذکر کیا ہے - (خ)

۸۵- **منیر لکھنوی ، مولوی محمد منیر : سعیدی ڈکشنری یا سعید اللغات** ، ص : ۴+۶۷۷ ، م : ایجوکیشنل پریس ، کراچی ، ن : ایچ ایم سعید کمپنی ، کراچی - ہمہ قسم کے الفاظ اردو محاورات و اصطلاحات وغیرہ - مع ضمیمہ جات - ۱ - ضمیمہ الف : سیاسی ، اخباری ، اقتصادی ، علمی ، عدالتی ، مذہبی اصطلاحات ، غیر ممالک کے سکے ، بادشاہوں کے القاب ، اعلیٰ علمی ڈگریاں وغیرہ بہ ترتیب اردو الفاظ مع انگریزی صفحہ

۶۴۸ تا ۶۵۷ - ۲ - ضمیمہ ب : فارسی زبان کے خاص محاورات جو اردو میں مستعمل ہیں صفحہ ۶۵۸ تا ۶۶۸ - ۳ - ضمیمہ ج : اردو محاورات کے مترادف انگریزی محاورات ص ۶۶۹ تا ۶۷۷ - (غ)

منیر لکھنوی ، محمد منیر : سعیدی ڈکشنری کلاں یا سعید اللغات اردو ، ص : ۱۴۹۰ ، م : ایجوکیشنل پریس ، کراچی ، ن : ایچ - ایم سعید کمپنی ، کراچی - اصطلاحات پر مشتمل متعدد ضمیموں کے ساتھ - اسی میں بہ کثرت انگریزی الفاظ بھی شامل کر دیے ہیں مثلاً یوزری (usuary) یوٹیلائز (utilise) یوٹی لٹی (utility) - (پ - ڈ)

۸۶- منیر لکھنوی ، محمد منیر : منیر اللغات اردو ، ص : ۸+۲۵۶ ، س : ۱۹۳۰ء ، م : مطبع مجیدی ، کان پور - مؤلف کے مختصر دیباچے کے علاوہ "تقاریظ گرامی" کے عنوان سے صفی لکھنوی ، بیخود موہانی ، انقر موہانی ، شارق ایرایانی ، مرزا خلیل بیگ ، طاہر فاروق ، مولوی سعید انصاری ، سید فدا حسین ، بابو کرشن سہائے وحشی ، سردار امر ناتھ سنگھ محسن ، شمیم بلہوری کے قلم سے تعریفات جمع کر دی ہیں - صفحہ ۵ ، ۶ پر مبتذل و مذموم کلمات کی فہرست دی گئی ہے اور ان کے مناسب متبادلات بتائے گئے ہیں - آخر کتاب میں مؤلف کا قطعہ تاریخ طبع اور ناشر کا خاتمہ الطبع ہے - (غ)

۸۷- مہذب لکھنوی ، سید محمد میرزا : مہذب اللغات - جلد اول : ص : ۳۰۴ ، س : - (بار اول) ، م : نظامی پریس ، لکھنو ،

ن : انجمن محافظ اردو ، لکھنو ۔ الف مقصورہ و ممدودہ ۔ (ڈ ۔ خ)
جلد دوم : ص : ــــ ۔ جلد سوم : ص : ۵۰۰ ، س : ۱۹۶۲ء
(پہلی بار) ، م : سرفراز قومی پریس ، لکھنو ، ن : محولہ بالا ۔
پ تا ج اس لغت کی تیاری میں محمد یونس خالدی کا بڑا حصہ ہے ۔
اس سلسلے میں خالدی صاحب کے چند مضامین اپریل ۱۹۶۱ء
کے قومی آواز ، لکھنو میں شائع ہوئے تھے ۔ میرزا صاحب
نے اس کے مقدمے میں اس کی تردید کی ہے (ص ۲ تا ۴) ۔ (ڈ)

۸۸۔ ناظر حسن زیدی و عبید اللہ خاں ، ڈاکٹر و قیوم نظامی :
لغات نظامی ، ص : ۹۴۸ ، س : ۱۹۸۱ء (طبع اول) ، م :
نظامی پریس ، لاہور ، ن : گلوب پبلشرز ، لاہور ۔ لغات کے
ساتھ ادیبوں اور شاعروں کے حالات بھی شامل ہیں ۔ (ص ۹۱۵
تا ۹۴۸) (پپ)

۸۹۔ نامی ، پیر غلام دستگیر : رئیس اللغات ، ص : ۸+۹۷۳ ،
س : ۱۹۵۵ء (اشاعت اول) ، م : دین محمدی پریس ، لاہور ،
ن : ملک دین محمد اینڈ سنز ، لاہور ۔ ابتدائی آٹھ اضافی صفحات
میں مؤلف نامی نے لغات کے مختلف مسائل پر بحث کی
ہے ۔ (پپ)

۹۰۔ نسیم امروہوی : نسیم اللغات اردو ، ص : ۹۹۸ ، س :
۱۹۵۵ء (پہلا ایڈیشن) ، م : استقلال پریس ، لاہور ، ن :
شیخ غلام علی اینڈ سنز ، لاہور ۔ خیر پور میں کل پاکستان
اردو کانفرنس کی قرارداد کے مطابق مؤلف نے یہ لغت مرتب
کیا ۔ پیش لفظ از مؤلف ص : ۵ تا ۸ (پ ۔ ڈ)

۹۱۔ **نشتر ، ابو نعیم عبد الحکیم خان : قائد اللغات ، ص : ۲ +** ۱۰۳۹ ، س : ۱۹۶۹ء (طبع اول) ، م : آکسفورڈ اینڈ کیمبرج پریس ، لاہور ، ن : ایم ۔ آر ۔ برادرز ، لاہور ۔ دو اضافی صفحے میں مؤلف کا مقدمہ ہے ۔ (پ)

۹۲۔ **نظامی ، محمد اسماعیل :** گنجینۂ لغات ، ص : ۹۹ ، س : ۱۳۴۲ھ، (طبع اول) ، م : اسلامیہ سٹیم پریس ، لاہور ، ن : مکتبہ نظامیہ ، جلال آباد (موگہ) ضلع فیروز پور ۔ اس کا پورا نام اس طرح ہے ۔ سلسلۂ تکمیل الترجمہ جلد پنجم المعروف گنجینۂ لغات (لغات نظامی خورد) ۔ (پ)

۹۳۔ **نیر ، مولوی نورالحسن :** نور اللغات ، **حصہ اول : الف تا ب ،** ص : ۱۴ + ۷۴۱ ، س : ۱۹۲۴ء ، م : نیر پریس ، لکھنو ۔ مقدمہ از مؤلف ص: ۱ تا ۱۴ ۔ مقدمہ میں مؤلف نے لغت کی ضرورت و اہمیت، کام کے آغاز ومشکلات اور اصول و اہتمام وغیرہ پر بحث کی ہے ۔ (خ۔پ) اس کے پاکستانی ایڈیشن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں : حصہ اول : ص ۷۸۹ حرف الف تا ب : س : ۱۹۵۷ء ، م : ٹائمز پریس و جاوید پریس کراچی ، ن : جنرل پبلشنگ ہاؤس کراچی ، پہلی جلد کے آغاز میں عرض ناشر (ص ۵ تا ۶) مؤلف کے حالات زندگی (ص ۷ تا ۹) اور اس کے بعد پیش لفظ ہے جس میں اس لغت کی تالیف کی تاریخ اور ضرورت و اہمیت پر مؤلف نے روشنی ڈالی ہے (ص ۱۰ تا ۳۲) اگلے صفحے سے لغت شروع ہو جاتی ہے ۔ حکومت پاکستان کی وزارت تعلیم کے تعاون سے شائع کیا گیا ۔ (خ) حصہ دوم ، پ تا خ ص : ۵۱۳ ، س : ۱۹۲۷ء ،

م : نیر پریس ، لکھنو ، سر ورق کے آخری صفحے پر ان حضرات کا شکریہ ادا کیا ہے جنھوں نے اس لغت کی اشاعت میں دامے درمے امداد کی تھی ۔ (خ ۔ پ) پاکستانی ایڈیشن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں: جلد دوم، ص: ۳۵۸، حرف پ تا د ، ن : جنرل پبلشنگ ہاؤس ، کراچی ، وزارت تعلیم حکومت پاکستان کے تعاون سے شائع کیا گیا ۔ (خ) حصہ سوم : د تا ق ص : ۲۹۲ ، س : ۱۹۲۹ء ، م : نیر پریس ، لکھنو ، آخر میں اضافی صفحات از الف تا ک ، جلد اول اور دوم کی اغلاط کی نشان دہی کر کے تصحیح پیش کی گئی ہے، نیز ایک صفحہ زائد پر نواب فصاحت جنگ حافظ جلیل صاحب جلیل کا قطعہ تاریخ ہے ، "اردو کا خزانہ ہے تو یہ ہے" ۱۳۴۶ھ ۔ (خ ۔ پ) پاکستانی ایڈیشن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں : حصہ سوم : ص : ۹۳۲ ، حرف ڈ تا ک ، س : ۱۹۵۹ء م : انٹرنیشنل پریس ، کراچی ، ن : جنرل پبلشنگ ہاؤس ، کراچی ، وزارت تعلیم حکومت پاکستان کے تعاون سے شائع کیا گیا ۔ (خ) حصہ چہارم : ک تا ی ص : ۱۰۳۲ ، س : ۱۹۳۱ء ، م : اشاعت العلوم پریس ، لکھنو ۔ (خ ۔ پ) پاکستانی ایڈیشن کے بارے میں ضروری معلومات یہ ہیں : حصہ چہارم : ص : ۹۳۴ ، حرف ک تا ی ، س : بعد از ۱۹۵۹ء ، م : ایجوکیشنل پریس ، کراچی ، ن : جنرل پبلشنگ ہاؤس ، کراچی ۔ (خ)

۹۴ ۔ **وارث سرہندی:** علمی اردو لغت ، ص: ۱۶+۱۶۲۸ ، س : ۱۹۷۹ء (طبع دوم) ، م : المکہ پریس ، لاہور ، ن : علمی

کتاب خانہ ، لاہور ، اردو زبان کی ایک جامع لغت جس میں اردو ادب کے تمام قاری اور طالب علموں کی جملہ ضروریات پوری کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تحریک و اعانت اور نظرثانی از محمد احسن خاں ۔ مندرجہ ذیل تحریریں اس میں شامل ہیں ۔ سخن ہائے گفتنی از مؤلف صفحہ ہ تا ح ، تعارف مؤلف صفحہ ط ، عرض حال از ناشر صفحہ ی تا ک علمی اردو لغت تبصرے و آرا صفحہ ل تا ع ، اس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۷٦ء میں شائع ہوا تھا ۔ (پ)

۹۵- **واصف ، حفیظ الرحمن : اردو مصدر نامہ** ، ص : ۴۲۴ ، س : ۱۹۷۵ء (طبع اول)، م : کوہ نور پریس، دہلی - اردو زبان کے تقریباً تیرہ سو مصادر اور انیس سو مشتق الفاظ کا ذخیرہ ۔ (غ)

۹٦- **ونکٹ سمہاروی : بہار اللغات** ، ص : ۱۱۰ ، س : ۱۸۹۵ء (داؤدی) ۔

۹۷- **یوسف الدین احمد بلخی ، سید : بہار اردو لغت** (حصہ اول) ، ص : ۱۰۸ ، س : ۱۹۸۴ء ، ن : خدا بخش لائبریری ، پٹنہ ۔ مشمولہ خدا بخش لائبریری جرنل ، پٹنہ ۔ شمارہ ۲۸ ۔

۹۸- ــــاردو لغت ، م : پٹنہ ، ن : منشی سورج مل ، ڈاکٹر فیض کی زیر نگرانی اردو سے اردو لغت ۔ (عطش درانی)

۹۹- ــــامجد اللغات : حیدر آباد ، خزانۂ لغت : دہلی ، فیض جاری : حیدر آباد (دکن) ، نصیر اللغات ترجمہ : غیاث اللغات ، مطبع نول کشور ، لکھنو ، نقش بدیع ، لاہور ۔ (فہرست کتب خانہ حیدری) ۔

۱۰۰۔ ـــتنقیح اللغات ، کشف اللغات، لطاف اللغات - (فہرست مولوی نیاز علی خاں تاجر کتب و مالک امرتسر گزٹ و مطبع افغانی امرتسر) -

۱۰۱۔ ـــجدید لغات اردو ، ن : اشاعت ادب اردو ، لاہور ، مبادی اللغات (اردو) ن : قومی کتب خانہ، لاہور۔ نافع اللغات (اردو) (فہرست کتب علوم مشرقیہ، اسلامیہ کالج ، پشاور ، جلد ۲) -

۱۰۲۔ ـــسراج اللغات ، موسومہ بہ ، نیو ماڈل اردو ڈکشنری ، ص : ۶۱۸ ، ناقص الاول و الآخر - (غ)

۱۰۳۔ ـــــلغت عجیب : ص : ۲۰۴ ، ناقص الاول والآخر - (خ)

ذولسانی لغات

۱۰۴۔ آدم ، ڈاکٹر ایم - ٹی : ہندی ، انگلش ڈکشنری
(Dictionary English and Hindi)
س : ۱۸۳۸ء م : کلکتہ (گریرسن)

۱۰۵۔ آنون : انگریزی ، ہندوستانی فارسی لغات -
(A Dictionary English, Hindustani and Persian)
س: ۱۸۵۱ء ، م : مدراس -

۱۰۶۔ آنون : ہندوستانی سکول ڈکشنری
(Hindustani School Dictionary)
س : ۱۸۵۴ء ، م : کلکتہ ، انگریزی ، اردو لغت رومن حروف میں -

۱۰۷۔ آنون : انگریزی اور ہندوستانی کا ذخیرۂ الفاظ
(English and Hindustani Vocabulary)
س : ۱۸۵۴ء ، م : مدراس (ادارہ) ، اس کتاب کا ایک ایڈیشن بنارس سے ۱۸۷۹ء میں شائع ہوا - (گریرسن)

۱۰۸۔ آنون : سٹوڈنٹس پریکٹیکل ڈکشنری
(The Student's Practical Dictionary)
س : ۱۸۹۷ء ، م : الہ آباد ، (انگریزی الفاظ کے اردو اور

انگریزی معانی ، فارسی رسم الخط میں) ، **آنون سٹوڈنٹس پریکٹیکل ڈکشنری**

(The Student's Practical Dictionary)

ہندوستانی (اردو) الفاظ کے انگریزی میں معنی، **س: ۱۹۰۰ء،**
م : الہ آباد ۔

۱۰۹۔اسٹاک کیولر، جے۔ ایچ : اورینٹل انٹرپریٹر ، ص: م+۳۰۴،
ن : سی۔ کاکس ، لندن ۔ ہندوستانی زبان کے الفاظ رومن رسم الخط میں اور ان کے معنی اور تشریح انگریزی زبان میں ہے ۔ ڈکشنری ۲۴۳ صفحے پر ختم ہو جاتی ہے ۔ اس کے بعد برصغیر کے شہروں کے عرض بلد ، طول بلد ، فاصلوں کی پیمائش ، مختلف ملکوں کے سکوں ، پیمانوں وغیرہ کے بارے میں معلومات جمع کر دی ہیں ۔ (خ)

۱۱۰۔اشرف برادرز: ممتاز پریکٹیکل ڈکشنری (اردو انگریزی)، ص:
۵۷۴، م : رشید آرٹ پریس، لاہور ۔ ن : قمر پبلی کیشنز لاہور ، صفحہ اول پر پبلشر کی جگہ اشرف برادرز کا نام درج ہے لیکن پرنٹ لائن میں قمر پبلی کیشنز کا نام درج ہے ۔ اصل ڈکشنری ص : ۵۶۳ پر ختم ہو جاتی ہے بعد میں اردو ضرب الامثال کے متبادل انگریزی «پرو وربس» ہیں ۔ آخری ضرب المثل "چوری کا گڑ میٹھا" ہے ۔ (غ ۔ پ)

۱۱۱۔انڈرس۔ ایچ : اردو انگلش لغت

(Urdu-English Dictionary)

س : ۱۸۶۹ء (ساتواں ایڈیشن) ، م: بپٹیسٹ مشن پریس ، کلکتہ ۔ ن : کلکتہ اسکول بک سوسائٹی ، کلکتہ ۔

۱۱۲ - **اوگڈن ، سی۔ کے :** دی بیسک ورلڈس ، ص : ۷+۳۱۱ ،
م : ٹائمز آف انڈیا پریس ، بمبئی - ن : آرتھولوجیکل انسٹی
ٹیوٹ (انڈیا) بمبئی ، انگریزی کے بنیادی الفاظ اور ان کا اردو
ترجمہ - (خ)

۱۱۳ - **ایٹس۔ ڈی۔ ڈبلیو :** ہندوستانی ، انگریزی لغت ، (شانتی) ،
دیکھیے : ییٹس، ڈبلیو۔

۱۱۴ - **بائر ڈبلیو :** ہندی زبان : تھامسن کی ڈکشنری
(The Hindi Language : Thomson's Dictionary)
بحوالہ : کلکتہ ریویو جلد نہم ، شمارہ ۱۸ - س: ۱۸۴۸ء -
(گریرسن)

۱۱۵ - **پرائس ناتھیے:** ہندوستانی انگریزی لغات
(Dictionary Hindustani and English)
س : ۱۸۴۷ء ، م : کلکتہ ، پہلا ایڈیشن رومن حروف میں
شائع ہوا - (گریرسن) س : ۱۸۸۰ء (تیسرا ایڈیشن) م : بنارس ،
لازارس کی نظر ثانی کے بعد شائع ہوا - (عطش درانی)

۱۱۶ - **برٹرینڈ :** (اردو لغت) ، س : ۱۸۵۸ء ، م : پیرس ،
(عطش درانی)

۱۱۷ - **بشیر احمد قریشی :** پریکٹیکل ڈکشنری ، ص : ۸+۷۹۲ ،
س : (نیا ایڈیشن) ، م : مسلم پرنٹنگ پریس ، لاہور ، ن :
کتابستان پبلشنگ کمپنی ، لاہور ، ۳۲ ہزار انگریزی کے الفاظ
اور ۲۴ ہزار محاورات کی ڈکشنری ، نظر ثانی شدہ
ایڈیشن - (خ)

۱۱۸ - بلوک مین ، ایچ : انگلش ہندوستانی اسکول ڈکشنری
(English Hindustani School Dictionary)
س : ۱۸۷۷ء (آٹھواں ایڈیشن) ، م : کلکتہ ، رومن رسم الخط میں ۔

۱۱۹ - بلونت پرتاب ماتھر، سی : فرہنگ معمہ بازی ، موسومہ ، دی اردو کراس ورڈ ڈکشنری ، ص : ۴۷ ، س : ۱۳۴۶ف ، م : اعظم اسٹیم پریس ، حیدرآباد دکن ۔ (خ)

۱۲۰ - بورڈیلے، جی۔ ای، کپتان :
(A Vocabulary English and Hindustani)
اے ووکیبلری ، انگلش اینڈ ہندوستانی ، ص : ۲۴۶ ، س : ۱۸۶۸ء ، م : مدراس ، اس ڈکشنری کے ابتدائی دو ایک ورق موجود ہیں ۔ مصنف کا نام ، سال اشاعت ، مقام اشاعت کتب خانے کے کیٹلاگ رجسٹر سے نقل کیے گئے ہیں ۔
ملٹری طلبا صوبہ مدراس کے استفادے کے لیے ۔ (گریرسن)
یہ لغت آسمانی ، زمینی ، آبی ، انسانی ، حیوانی نیز مختلف علمی ، فنی اور معاشرتی موضوعات کے تحت مرتب کیا گیا ۔ (خ)

۱۲۱ - بیٹ ، جے۔ ڈی : ہندی زبان کا لغات
(A Dictionary of the Hindi Language)
س : ۱۸۷۵ء ، م : بنارس ۔ (ادارہ) ۔

۱۲۲ - پال ، ڈاکٹر ایس۔ سی : نیو رائل پرشین انگلش ڈکشنری ، ص : ۵۱۲ ، س: ۱۹۳۲ء (تھرڈ ایڈیشن) ، م: نیشنل پریس ،

الہ آباد ، ن : رام نرائن لال پبلشر اینڈ بک سیلر ، الہ آباد ،
"پرشین" سے مؤلف کی مراد "اردو" ہے - (غ)

۱۲۳ - پلیٹس ، جان ٹی : اے ڈکشنری آف اردو ، کلاسیکل ہندی اینڈ انگلش -

(A Dictionary of Urdu, Classical Hindi and English).

س : ۱۸۸۴ء ، م : لندن (ادارہ)

ص : ۸+۱۲۵۹ س : ۱۹۳۹ء (پانچواں ایڈیشن) م : اسٹیفن آسٹن اینڈ سنز لمیٹڈ ، برٹ فورڈ ن: آکسفورڈ یونیورسٹی پریس لندن اس کے ایک اور ایڈیشن کے بارے میں معلومات یہ ہیں:
ص: ۴+۱۲۵۷ س : ۱۹۱۱ء (چوتھا ایڈیشن) م : محولہ بالا ن : محولہ بالا ، اس میں پری فیس (دیباچے) کی تاریخ ۱۶ مئی ۱۸۸۴ء ہے - (خ) اس کا ایک آکسفورڈ ایڈیشن ۱۹۶۵ء میں شائع ہوا - (عطش درانی) اس کا پہلا ایڈیشن لندن سے ۱۸۸۴ء میں شائع ہوا (سلطان) -

۱۲۴ - پولاک : ہندوستانی انگلش ڈکشنری، س : ۱۹۰۰ء جیبی سائز

۱۲۵ - تھابرن، ڈبلیو - ایل: انگلش ہندوستانی ڈکشنری، س: ۱۸۹۸ء م: لکھنؤ (عطش درانی) -

۱۲۶ - تھامس کریون، پادری : جیم ڈکشنری، انگاش اینڈ ہندوستانی

(The Gem Dictionary, in English and Hindustani)

س : ۱۸۸۱ء م : لکھنؤ (گریرسن)

۱۲۷ - تھامس کریون، پادری ٹی : رائل اسکول ڈکشنری انگلش ہندوستانی س : ۱۸۸۱ء م: لکھنؤ (گریرسن) -

۱۲۸ - تھامس کریون ، آر : پاپولر انگریزی ، ہندوستانی ڈکشنری

(The Popular Dictionary in English-Hindustani and Hindustani-English.

س : ۱۸۸۸ء م : لندن و لکھنو نظر ثانی و ترمیم شدہ ایڈیشن

از بی - ایچ - بیدلی ، س : ۱۸۸۹ء م : لکھنؤ -

۱۲۹ - تھامس کریون ، آر : رائل انگریزی ہندوستانی لغات

(The Royal Dictionary, English-Hindustani)

س : ۱۸۹۵ء م : لندن : بیل اینڈ سنز (ادارہ)

۱۳۰ - تھامس کریون ، آر : نیو رائل ڈکشنری

(New Royal Dictionary)

س : ۱۹۱۱ء م : میتھو ڈسٹ پبلشنگ ہاؤس ، لکھنو ، حصہ اول ، انگریزی سے انگریزی اور ہندوستانی، ص : ۲۵۵ حصہ دوم ہندوستانی سے ہندوستانی اور انگریزی ، ص : ۳۴۳ (خ) اس کا نظر ثانی شدہ ایڈیشن ۱۹۳۲ء میں اسی ادارے سے شائع ہوا تھا - اس کے صفحات اور دیگر معلومات کی تفصیل یہ ہے : حصہ اول : انگریزی سے ہندوستانی ، ص : ۳۲۸ حصہ دوم : ہندوستانی سے انگریزی ، ص : ۳۷۲ اس لغت کے اس ایڈیشن پر بشپ جے آر چیٹامبر (Chitambar) نے نظر ثانی کی اور اضافہ کیا(ڈ) اس کا پہلا ایڈیشن ۱۸۹۳ء میں لکھنو سے شائع ہوا - دوسرا ایڈیشن بھی ۱۹۰۲ء میں مذکور ۃالصدر ادارے نے شائع کیا - (عطش درانی)

۱۳۱ - تھوبرن ، ڈبلیو ، ایل : انگریزی ، اردو لغات

(The English - Urdu Dictionary)

س : ۱۸۹۸ء م : لکھنو (ادارہ) -

۱۳۲ - **تھامسن ، جے - ٹی (جوزف)** : اردو ، انگریزی لغات

(A Dictionary in Oordoo and English)

"مستند حوالوں کی مدد سے حروف تہجی کے مطابق ترتیب دی گئی -" س : ۱۸۳۸ء م : سیرام پور (گریرسن) ص : ۶۰۴ + ۲ س : ۱۸۳۷ء ناقص الاول والآخر - آخر کے دو اضافی صفحات میں ڈیلی نیوز ، انگلش مین ، بنگالی ہرکارہ ، فرینڈ آف انڈیا وغیرہ کے تبصرے شامل ہیں - (پ - پپ)

۱۳۳ - **تھامسن ، جے - ٹی** : انگلش اردو سکول ڈکشنری

(English and Oordoo School Dictionary)

س : ۱۸۳۶ء م : سیرام پور (دوسرا ایڈیشن) یہ لغات رومن رسم الخط میں ۱۸۴۱ء میں کلکتہ سے بھی شائع ہوا۔ (گریرسن)

۱۳۴ - **تھامسن ، جوزف** : لغت انگریزی اردو، ص : ۴۰۶ س: ۱۸۳۳ء (سلطان) گریرسن نے سیرام پور سے ۱۸۳۲ء میں شائع ہونے والی تھامسن کی ایک تصنیف

An English and Hindustani Spelling Guide

کا ذکر ہے۔ ممکن ہے ڈاکٹر سلطان محمود حسین صاحب کی مراد اسی کتاب سے ہو - (ادارہ) -

